إِنَّ هٰذَا الْقُرْاٰنَ اُنْزِلَ عَلٰى سَبْعَةِ اَحْرُفٍ فَاقْرَءُوْا مَا تَيَسَّرَ مِنْهُ
مسلم ۲۹۲

قراءة

حضرت امام حمزہ کوفی رحمۃ اللہ علیہ

بروایتین

سیدنا امام خلف و سیدنا امام خلاد رحمۃ اللہ علیہما

مؤلفہ

احقر رحیم بخش (عفا اللہ عنہ) بن فتح محمد مرحوم

(پانی پتی)

مقیم مدرسہ عربی خیر المدارس، ملتان

من جانب

ادارۂ نشر و اشاعت اسلامیات (درجہ قراءات)

حسین آگاہی مسجد سراجاں والی ملتان

طبع دوم ۱۳۹۹ ہجری

قیمت ———— روپے

پیش لفظ

حضرت امام حمزہ کوفیؒ

آپ کا اسم مبارک حمزہ اور کنیت ابو عمارہ بن حبیب بن اسمٰعیل ہے۔ قبیلہ کے لحاظ سے آپ تیمی ہیں۔ کیونکہ آپ خود یا آپ کے بزرگوں میں سے کوئی قبیلہ تیم کے آزاد کردہ غلام تھے۔ آپ تبع تابعین میں سے ہیں۔ حد درجہ کے زاہد اور پرہیزگار تھے۔ امام ابن معین کہتے ہیں کہ عبادت، زہد، فضل، دین، تقویٰ میں بہترین بندوں میں سے تھے۔ امام ابن فضل کہتے ہیں کہ حمزہؒ کے باعث کوفہ کی بلا دور ہوتی تھی۔ آپ کے شیخ امام اعمشؒ آپ کو دیکھ کر فرماتے کہ "یہ قرآن مجید کے عالم ہیں"۔ اور آیت وَبَشِّرِ الْمُخْبِتِيْنَ پڑھتے۔ امام حمزہؒ فرماتے ہیں کہ "میں نے کتاب اللہ کا ایک حرف بھی نقل کے بغیر نہیں پڑھا"۔ آپ پڑھانے پر تنخواہ نہیں لیتے تھے۔ حتیٰ کہ گرمی کے دنوں میں بھی شاگردوں کے ہاتھ سے پانی تک پینا گوارا نہیں تھا۔ آپ کا ذریعۂ معاش یہ تھا کہ کوفہ سے زیتون لے جاکر حلوان میں اور وہاں سے پنیر اور اخروٹ لاکر کوفہ میں فروخت کرتے تھے امام شعیب بن حرب کہتے ہیں کہ میں کوفہ میں پہنچا تو امام سفیان ثوریؒ اور شریک بن عبداللہ کو دیکھا کہ امام حمزہ کے سامنے بیٹھے پڑھ رہے ہیں۔ میں نے اپنے جی میں کہا "کاش ان کے ساتھ تیسرا میں بھی ہوتا" امام حمزہؒ خود فرماتے ہیں کہ "میں نے حضور سرورِ کائنات

فخرِ دوعالم، تاجدارِ مدینہ، خاتم الانبیاء حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے ایک ہزار حدیثیں سند کے ساتھ روایت کی ہیں۔

آپ کی عادتِ مبارکہ یہ تھی کہ جب پڑھا کر فارغ ہوجاتے تو چار[۲] رکعتیں پڑھتے۔ ظہر و عصر اور مغرب و عشاء کے درمیان بھی نماز پڑھتے تھے۔ اور رات کا اکثر حصہ بیدار رہ کر گذارتے تھے۔ لوگوں کا بیان ہے کہ آپ کو جس وقت بھی کوئی دیکھتا پڑھاتے ہی ہوتے تھے۔ نیز روایت ہے کہ ہر مہینے میں اٹھائیس یا ستائیس یا پچیس قرآن مجید ترتیل کے ساتھ ختم کرتے تھے۔

ترتیل کے معنی ہیں مخارج اور صفات کی رعایت رکھتے ہوئے حروف کو خوبصورتی کے ساتھ ادا کرنا۔ اور ہمزوں کو تحقیق (سختی) کے ساتھ پڑھنا اور مدّات و حرکات و سکنات و تشدید اور غنّہ کو پورے طور پر ادا کرنا۔ اور یہ بھی لحاظ رکھنا کہ اعتدال کی حد سے باہر نہ ہوجائے۔ امام حمزہؒ خود فرماتے ہیں کہ زلفوں میں معمول سے زیادہ خم پیدا ہوجائے تو وہ قطط اُلجھے ہوئے بال کہلاتے ہیں اور پسندیدہ نہیں رہتے۔ اور سفیدی حد سے زیادہ بڑھ جاتی ہے تو اس کا نام مرض برص ہوجاتا ہے۔ اسی طرح جو قراءۃ مدّات و غُنّات کی مقدار میں اعتدال کی حد سے باہر ہوجائے وہ کامل قراءۃ نہیں بلکہ ناقص اور لحن ہے انتہیٰ یہاں سے اُن دوستوں کو سبق حاصل کرنا چاہیے جو لہجہ کو مزے دار اور خوش گوار بنانے کے شوق میں مست ہوکر غنہ اور اخفاء اور الفات کو حد سے زیادہ بڑھاتے

پہ چلے جاتے ہیں اور جگہ جگہ سکتہ کرتے ہیں اور بلا وجہ اپنے اوپر مشقت ڈالتے ہیں اور ان کو چند کلمات پڑھنے کے بعد جا بجا سانس بھی لینا پڑتا ہے جس سے تلاوت کا حسن بالکل جاتا رہتا ہے اور ایسے اکثر حضرات ایک مجلس میں ایک دو رکوع سے زیادہ نہیں پڑھ سکتے۔ ایسے خود ساختہ تکلفات کے باعث ہم نے کلام الٰہی کی تلاوت کو ایک پہاڑ بنا لیا ہے اللہ تعالیٰ پناہ دے۔ ہم نے قرآن مجید کو غلط اور تجوید کے خلاف پڑھنے کو بھی تفریح کا سامان قرار دے لیا ہے اور سننے والوں کا مذاق بھی اس قدر بگڑ گیا ہے کہ وہ بھی ایسی ہی تلاوت کو پسند کرتے ہیں۔ دوستو! اللہ تعالیٰ کے کلام کو اُسی کے خوش کرنے کی نیت سے پڑھو اور جس قدر ہو سکے عمدہ سے عمدہ لہجوں میں پڑھو اور آواز کو نفیس اور عمدہ بنانے کی کوشش کرو لیکن تجوید کی حدود سے ذرا بھی باہر نہ جاؤ۔

ایک مرتبہ امام حمزہؒ نے خواب میں دیکھا کہ حق سبحانہٗ وتعالیٰ نے آپ کو مرحبا فرمایا اور ان کے لیے کرسی بچھائی اور ان کی تعظیم کی اور ان کو حکم فرمایا کہ قرآن کی تلاوت کرو۔ اور ترتیل کے ذریعہ اس کو خوب روشن اور ظاہر کر کے پڑھو۔ اور چند موقعوں میں جس طرح آپ نے پڑھا تھا حق سبحانہٗ وتعالیٰ نے اس کے علاوہ دوسری طرح بتایا۔ اور انہی میں سے وَاَنَا اخْتَرْتُكَ [1] بھی ہے جس کو آپ نے وَاَنَا اخْتَرْتُكَ پڑھا۔ اور رب تعالیٰ نے وَاَنَّا اخْتَرْنٰكَ پڑھنے کا حکم دیا۔ اور تَنْزِيْلَ الْعَزِيْزِ (لیس ع) بھی ہے۔

---

[1] واضح ہو کہ ان کی قراءۃ بھی اسی طرح ہے اور اس کی بنیاد محض خواب ہی نہیں بلکہ سندِ متواتر ہے ۱۲

جس کو آپ نے رفع سے پڑھا اور رب تعالیٰ نے نصب سے پڑھنے کا حکم دیا۔ آپ کوفہ کے دوسرے قاری ہیں۔ امام عاصمؒ اور اعمشؒ کے بعد کوفہ میں سب سے بڑے امام القراآت تھے۔ آپ قراءۃ کے علاوہ علمِ فرائض (علمِ میراث) میں بھی بہت ماہر تھے۔ اسی باعث آپ کو فرَضِی بھی کہا جاتا تھا۔

امام ابو حنیفہ رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے موصوف سے فرمایا کہ بلا شبہ آپ دو چیزوں میں ہم پر غالب اور فائق ہیں۔ ان میں ہم آپ کی برابری نہیں کر سکتے۔ ایک علمِ قراءۃ، دوسرا علمِ فرائض۔ (از نشر ص۱۶۶)

آپ عبد الملک کے زمانے میں ۸۰ھ میں پیدا ہوئے اور ۱۵۶ھ میں بعمر چھہتر سال منصور یا مہدی کے زمانے میں حلوان میں وفات پائی رحمۃ اللہ علیہ۔

آپ کے بہت سے راویوں میں سے صرف دو راویوں کی روایتیں بہت مشہور ہیں۔ اس وقت روئے زمین پر وہی پڑھی اور پڑھائی جاتی ہیں۔ اور وہ دو راوی یہ ہیں:۔ خلف۱، خلاد۲۔

خلفؒ آپ کا اسم مبارک خلف اور کنیت ابو محمد ہے۔ آپ کے والد ماجد کا نام ہشام بزار ہے۔ آپ نے دس سال کی عمر میں قرآن مجید حفظ کیا اور تیرھویں سال حدیث کی سماعت شروع کی۔ خود فرماتے ہیں کہ "مجھے عربیت میں ایک مشکل پیش آئی، تو میں نے اس کے لیے اسی ۸۰۰۰۰ ہزار درہم خرچ کیے حتیٰ کہ اس کو حل کر لیا"۔

صاحب نشر فرماتے ہیں کہ "آپ بہت بڑے امام، عالم، ثقہ، زاہد اور بہت عبادت گذار تھے"۔ آپ امام سُلیمؒ (جن کا ذکر آگے آتا ہے) کے ممتاز شاگردوں میں سے تھے۔ ان کے علاوہ اور بھی کئی شیوخ سے پڑھا۔ آپ کے ثقہ اور صدوق ہونے ہی کی وجہ سے امام مسلمؒ اپنی صحیح میں اور امام ابوداؤدؒ اپنی سنن میں اور ان کے علاوہ اور حضرات علماء ان سے حدیث روایت کرتے ہیں آپ ہمیشہ روزہ رکھتے تھے۔ دانیؒ فرماتے ہیں کہ "آپ نے امام نافعؒ کی قراءۃ اسحٰق مسیبی سے اور امام عاصمؒ کی یحییٰ سے پڑھی۔ اور خود بھی دسویں قراءۃ اختیار کی"۔ صاحب سُنّت، ثقہ، مامون اور حدیث میں بھی مقدم تھے۔ آپ نے بغداد میں جمادی الثانی ۲۲۹ھ میں وفات پائی۔ رحمۃ اللہ علیہ۔

خلادؒ آپ کا اسم مبارک خلاد اور کنیت ابوعیسیٰ ہے۔ آپ کے والد ماجد کا نام ایک قول کی بناء پر خالد اور دوسرے قول کی رُو سے خلید تھا۔ صاحب نشر فرماتے ہیں کہ آپ قراءۃ میں امام اور ثقہ، عارف، محقق، مجوّد اور قوی الحافظہ تھے۔ حضرت دانی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں "حضرت سُلیمؒ کے تلامذہ میں آپ سب سے زیادہ ضابط اور جلیل تھے"۔ آپ کے ثقہ ہونے کی بناء پر ترمذی اور ابن خزیمہ کی صحیح میں آپ سے ایک ایک حدیث منقول ہے۔ آپ کی وفات کوفہ میں ۲۲۰ھ میں ہوئی۔ رحمۃ اللہ علیہ۔

ان دونوں حضرات نے حضرت امام ابوعیسیٰ سُلیم بن عیسیٰ حنفی سے

قرآات پڑھیں۔ ان کے حالات میں صاحب نشر فرماتے ہیں کہ "آپ قرآات میں امام اور ضابط اور ماہر تھے۔ قراءۃ حمزہ کے اختلافات میں اضبط و احفظ تھے۔ امام حمزہؒ کے تلامذہ میں سب سے زیادہ قوی الحافظہ اور ان کے خواص میں سے تھے۔

قراءۃ میں آپ امام حمزہ کے نائب بنے۔ امام یحییٰ بن عبدالملک فرماتے ہیں کہ "ہم امام حمزہؒ کے روبرو قراءۃ پڑھتے ہوتے اور سُلیم تشریف لے آتے، تو امام حمزہؒ ہم سے فرماتے کہ مؤدب اور ہوشیار ہوکر اور جم کر بیٹھو کہ سُلیم آگئے ہیں۔" خود فرماتے ہیں کہ "میں نے امام حمزہؒ سے دس مرتبہ قرآن مجید پڑھا۔" صاحب نشر کے بیان کے مطابق ۱۸۸ھ یا ۱۸۷ھ میں بعمر اڑسٹھ یا ستر سال کوفہ میں وفات پائی۔ رحمۃ اللہ علیہ۔

حضرت سُلیمؒ نے امام حمزہؒ سے اور انہوں نے امام ابواسحٰق عمرو بن عبداللہ سبیعیؒ اور حضرت ابوعبداللہ جعفر الصادقؒ بن حضرت محمد باقرؒ ابن حضرت زین العابدینؒ بن حضرت حسینؓ بن حضرت علی کرم اللہ وجہہٗ وغیرہ آٹھ شیوخ کرام سے قرآن مجید پڑھا۔ اور ابواسحٰق نے ابوعبدالرحمٰن سُلمی اور زر بن حبیش سے پڑھا ہے۔ اور ان کی سند نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تک قراءۃ عاصم بروایت ابوبکر میں بیان ہوچکی ہے وہاں پھر دیکھ لیں۔ اور حضرت ابوعبداللہ جعفرؒ نے اپنے والد ماجد حضرت محمد باقرؒ سے اور انہوں نے اپنے والد

حضرت زین العابدینؒ سے اور انہوں نے حضرت حسینؓ سے اور انہوں نے اپنے والد ماجد حضرت علی بن ابی طالبؓ کرم اللہ وجہہ سے اور انہوں نے حضور پُرنور سرورِ دوعالم شفیع المذنبین حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے (اور آپؐ نے حضرت جبریل علیہ السلام سے اور انہوں نے لوح محفوظ یا رب جلیل و قدیر سے) حاصل کیا۔ (از نشر)

ترجمہ اور سند کے بعد اب اوّلاً اصول بیان کیے جاتے ہیں:۔

بعد ازاں ان کو جاری کرتے ہوئے تمام اختلافی کلمات کو بیان کیا جائے گا۔

وَمَا تَوْفِيقِيٓ إِلَّا بِاللّٰهِ ۚ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَإِلَيْهِ أُنِيبُ۝

بسم اللہ الرحمن الرحیم

نحمدہٗ ونصلی علی رسولہ الکریم

اصُول

(۱) دو سورتوں کے درمیان بسم اللہ کے بغیر صرف وصل کرتے ہیں، اور ایک قول کی بنا پر سکتہ بھی جائز ہے۔ جو صرف طیبہ کے طریق سے ہے۔

خلفؒ

(۲) الصِّرَاط اور صِرَاط: الؔ کے ساتھ ہوں یا بغیر الؔ کے خلفؒ کے لیے دونوں میں ہر جگہ صاد کا زا کے ساتھ اشمام ہے۔ اس کی کیفیت یہ ہے کہ صاد اور زا دونوں کا کچھ کچھ حصہ لے کر دونوں سے ایک مرکب حرف بنا لیتے ہیں۔ جو سُننے میں پُر زا کی طرح معلوم ہوتا ہے اس کو "اشمام بالحرف" کہتے ہیں۔

خلادؒ

اور خلادؒ کے لیے صرف فاتحہ کے الصِّرَاطَ میں اشمام اور خالص صاد دونوں وجوہ ہیں۔ لیکن یہ یاد رکھو کہ اگر یہاں اشمام پڑھو، تو آگے چل کر شَیْءٍ اور الؔ میں عدم سکتہ پڑھو۔ اگر اس میں خالص صاد پڑھا ہے تو پھر شَیْءٍ اور الؔ میں سکتہ پڑھو۔ اس کے خلاف کرنے سے طُرق میں خلط ہو جائے گا۔ (من شرح شاطبی) اور باقی سب جگہ صرف خالص صاد سے۔

(۳) اَصْدَقُ، یَصْدِفُوْنَ، یُصْدِرَ، وَتَصْدِیَۃً وغیرہ

الفاظ میں جو بارہ[۱۲] جگہ آئے ہیں۔ جب کہ صاد ساکن ہو اور اس کے بعد دال ہو اور اَلْمُصَیْطِرُوْنَ طور ۲ع اور بِمُصَیْطِرٍ غاشیہ میں پورے حمزہؒ اشمام کرتے ہیں۔

فائدہ: اور حُلوانی اور بزّار سے خلاد کے لیے اَلْمُصَیْطِرُوْنَ اور بِمُصَیْطِرٍ میں خالص صاد ہے۔ جو طریق کے خلاف ہے۔

(۴) عَلَیْھِمْ، اِلَیْھِمْ، لَدَیْھِمْ تینوں میں وقف و وصل دونوں حالتوں میں ہر جگہ ہا کا ضمہ پڑھتے ہیں۔

(۵) اگر ھِمْ کے بعد ہمزۂ وصلیہ ہو (جو وصل میں حذف ہو جاتا ہے) اور ہا سے پہلے جزم والی یا ہو یا کسرہ والا حرف ہو جو رسم میں ہا سے ملا ہوا ہو تو ہر جگہ ہا اور میم دونوں کا پیش پڑھتے ہیں جیسے عَلَیْهِمُ الذِّلَّةُ، بِهِمُ الْاَسْبَابُ، مِنْ دُوْنِهِمُ امْرَاَتَیْنِ وغیرہ۔

مگر یہ بات یاد رکھو کہ یہ حکم وصل کی حالت میں ہے اور اگر اس میم پر وقف کر دیں تو عَلَیْهُمْ، اِلَیْهُمْ کے علاوہ اور سب کلمات میں ہا کا کسرہ اور میم کا سکون پڑھتے ہیں۔

(۶) متصل اور منفصل دونوں قسموں میں پانچ پانچ الفی مد کرتے ہیں۔

(۷) اگر حرکت والا ہمزہ قطعی کلمہ کے شروع میں ہو اور اس سے

ھ اور لَدَیْهِمْ کے بعد ہمزۂ وصلی قرآن مجید میں نہیں آیا ۱۲ محمد طاہر رحیمی

پہلے کلمہ کے آخر میں حرف صحیح ساکن ہو جو واؤ یا الف مدہ نہ ہو۔ (پس اگر لین ہو تو مضائقہ نہیں) اور اس ساکن کے بعد ہمزہ آرہا ہو تو خلفؒ اس ساکن منفصل پر سانس لیے بغیر معمولی سا سکتہ کرتے ہیں تاکہ اس کے سبب ہمزہ کو خوب ظاہر کر دیں۔ کیونکہ یہ پوشیدہ حرف ہے (جو اہتمام نہ کرنے کے سبب اکثر غائب اور حذف ہوجاتا ہے) اور اس کی مثالیں یہ ہیں :۔

مَنْ سکتہ اٰمَنَ ۔ عَلَیْهِمْ سکتہ ءَاَنْذَرْتَهُمْ۔ نَبَاَ ابْنَیْ سکتہ اٰدَمَ۔ خَلَوْا سکتہ اِلٰی ۔ مِنْ شَیْءٍ سکتہ اِذْ۔ حَامِیَةٌ سکتہ ۞ اَلْهٰكُمُ وغیرہ ۔ اسی طرح اَلْاٰخِرَةِ وغیرہ میں اَلْ پر بھی ہر جگہ سکتہ کرتے ہیں جب کہ اَلْ کے بعد ہمزہ ہو ۔ کیوں کہ یہ بھی دو کلموں کے مرتبہ میں ہیں ۔

پس اگر ساکن اور ہمزہ دونوں ایک ہی کلمہ میں ہوں ، تو اس ساکن پر سکتہ نہیں کرتے ۔ لیکن صرف شَیْءٍ اور شَیْئًا میں ہر جگہ سکتہ کرتے ہیں ۔ اس کو دانی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنے شیخ ابوالفتح سے پڑھا ہے۔ یعنی اُن سے صرف خلفؒ کے لیے ہمزہ سے پہلے ساکن منفصل اور اَلْ اور شَیْءٍ میں سکتہ ہے ۔ اور امام ابوالحسن سے روایت خلفؒ و خلادؒ دونوں میں صرف اَلْ اور شَیْءٍ اور شَیْئًا میں ہر جگہ سکتہ پڑھا ہے ۔

نتیجہ یہ کہ خلفؒ کے لیے ساکن منفصل[1] میں سکتہ و عدم سکتہ دونوں اور آلْ اور شَیْءٍ میں صرف سکتہ ہے۔ اور خلادؒ کے لیے آلْ اور شَیْءٍ میں دونوں اور ساکن منفصل میں صرف عدم سکتہ ہے۔

تنبیہ واضح ہو کہ روایت خلفؒ میں دانیؒ کے شیخ ابوالحسن اور خلادؒ کی روایت میں ابوالفتح ہیں۔ پس خلفؒ کے لیے ساکن منفصل میں اور خلادؒ کے لیے آلْ اور شَیْءٍ میں سکتہ طریق کے خلاف ہے۔ ویسے جیسا کہ نتیجہ میں ذکر کیا گیا ہے دونوں کے لیے دونوں وجوہ صحیح[2] ہیں۔

ہمزہ والے کلمہ پر وقف کرنے کے قواعد

چوں کہ ہمزہ ثقیل ترین حرف ہے، اور اس کا مخرج سب حرفوں سے دور واقع ہے۔ اس لیے

---

[1] عام طور پر مجھ جیسے کم حافظہ والے طلبہ کو یہ نہیں یاد رہتا کہ کس راوی کے لیے کہاں دو اور کہاں ایک وجہ ہے۔ سو اس کے یاد رکھنے کے لیے ایک بات ذہنِ ناقص میں آئی ہے۔ شاید وہ سب کے لیے مفید ہو۔ اور وہ یہ ہے کہ خلفؒ (نامِ راوی) اور خُلف (اختلاف) اور منفصل تینوں میں فا ہے، تو یوں یاد رکھو کہ وہ قسم جس کے نام میں فا ہے اس میں خلفؒ کے لیے خُلف (اختلاف) ہے۔ یعنی دو وجوہ ہیں۔ اور دوسری قسم میں صرف ایک وجہ ہے۔۔۔ (باقی بر صفحہ ۱۳)

[2] ہم اس رسالہ میں دونوں وجوہ کو لائیں گے ۱۲

عرب اس میں طرح طرح کی تخفیف کیا کرتے تھے۔ اور جب ہمزہ میں وصلاً تخفیف جائز ہے تو وقفاً بدرجہ اولیٰ جائز ہونی چاہیے کیوں کہ وقف راحت و آرام کی جگہ ہے۔ امام حافظ ابوشامہ فرماتے ہیں کہ "یہ نہایت مشکل باب ہے"۔ علامہ جزری نشر میں فرماتے ہیں کہ "اس کی پوری معرفت اسی صورت میں حاصل ہو سکتی ہے کہ اہلِ عربیت کے مذاہب اور رسمِ عثمانی اور روایات کا پورا علم ہو"۔

ہم اللہ تعالیٰ جل شانہٗ وعم نوالہٗ وفیضانہٗ سے دست بستہ التجا کرتے ہیں کہ اے رب العالمین اس کو ہمارے لیے اتنا ہی آسان فرما دے جتنا اس کو مشکل خیال کیا جاتا ہے۔ آمین۔ مجھے قوی امید ہے کہ میرے اللہ تعالےٰ، ہم پر اسی طرح اس کو سہل فرما دیں گے، جیسا کہ باقی روایات کو آسان فرمایا ہے ان شاء اللہ تعالیٰ۔ اس عرض و نیاز کے بعد یہاں مختصر طور پہ ہمزہ پر وقف کرنے کے قواعد بیان کیے جاتے ہیں۔ اور جن کلمات کی وجوہ کسی قدر دشوار ہیں ان سب کو ان شاء اللہ تعالےٰ اختلافات کے باب میں تفصیل کے ساتھ ذکر کیا جائے گا۔ جن

(بقیہ از صہ ۱۲) اور خلاد کے لیے چونکہ اس کے برعکس ہے۔ اس لیے وہ ضدیت سے یاد رہے گا۔ کیوں کہ بات اکثر تقابل سے بھی یاد رہتی ہے ۱۲ واللہ ولی التوفیق۔

کلمات پر علامتہائے (م، ط، ج، ز، ص) لکھی ہوئی ہیں ان سب کی وجوہ متن میں اور باقی کلماتِ مشکلہ کی حاشیہ میں درج کی جائیں گی۔

وَمَا تَوْفِيْقِيْ اِلَّا بِاللّٰهِ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَاِلَيْهِ اُنِيْبُ

ہدایت جو ہمزہ کلمہ کے شروع میں ہو (جس سے پہلے نہ کوئی زائد حرف ہو اور نہ الف لام ہو۔ اور نہ وہ ساکن منفصل کے بعد ہو) اس میں کسی قسم کا تغیر نہیں کرتے۔ جیسے اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا وغیرہ۔ باقی جو ہمزہ حقیقۃً درمیانِ کلمہ میں ہو یا کسی زائد حرف کے سبب درمیان والا ہوگیا ہو جیسے يَسْـَٔلُوْنَ اور لِاُذَلِّلُهُمْ وغیرہ۔ اور وہ ہمزہ جو کلمہ کے آخر میں ہو جیسے الْخَبْءَ، سُوْٓءٍ، يَشَآءُ وغیرہ ان میں ہر جگہ تخفیف کرتے ہیں۔ اور ان

سب ہمزوں کی اصولی طور پر تین قسمیں ہیں (۱) ساکنہ جیسے يُؤْمِنُوْنَ، نَبِّئْ، اِقْرَاْ وغیرہ۔ (۲) متحرکہ جس سے پہلا حرف ساکن ہو جیسے يَسْـَٔلُوْنَ وغیرہ۔ (۳) متحرکہ جس سے پہلے حرف پر بھی حرکت ہو جیسے سَاَلْتُمْ، بَئِيْسٍ، تَطَـُٔوْهَا وغیرہ۔ پھر ان میں سے پہلی قسم کی چھے، دوسری قسم کی بارہ اور تیسری قسم کی نو قسمیں ہیں۔ پس ہمزہ کی کل صورتیں ستائیں ہو جاتی رہیں:۔

پہلی قسم ہمزۂ ساکنہ کی چھ قسمیں۔ (۱) وہ متطرفہ (کلمہ کے آخر والا) جس کا سکون لازمی ہو۔ جیسے:۔
اِقْرَاْ۔ نَبِّئْ یہ ضمہ کے بعد نہیں آتا۔

(۲) متوسطہ بنفسہ (جو خود کسی کلمہ کے درمیان میں ہو) جیسے یَأْلَمُوْنَ، وَبِئْرٍ، تُؤْفَكُوْنَ۔

(۳) متوسطہ بالحرف (جو کسی زائد حرف کی وجہ سے درمیان میں آگیا ہو) یہ صرف فتح کے بعد آتا ہے۔ جیسے فَأْتُوْا، وَأْتَمِرُوْا۔

(۴) متوسطہ بالکلمہ (جس سے پہلے کوئی کلمہ آرہا ہو اور اسی لیے وہ درمیان والا ہوگیا ہو) جیسے قَالَ ائْتُوْنِیْ۔ الَّذِی اؤْتُمِنَ قَالُوا ائْتِنَا۔ ان چاروں قسموں میں ہمزہ کا صرف حرفِ مد سے ابدال ہے۔ یعنی اِقْرَا، نَبِّیْ، یَاْلَمُوْنَ، وَبِیْرٍ، تُوْفَكُوْنَ وغیرہ۔

فائدہ اَنْۢبِئْهُمْ (بقرہ ع) اور وَنَبِّئْهُمْ۔ (حجر ع، قمر ع) میں وقفاً ہمزہ کا یا سے ابدال کرنے کے بعد هُمْ کی ہا میں ضمہ اور کسرہ دونوں صحیح ہیں۔ کسرہ ابوبکر بن مجاہد اور ابوالطیب بن غلبون اور ان کے صاحبزادہ ابوالحسن اور ان کے متبعین کا مذہب ہے۔ اور ضمہ ابن مہران، مکی، مہدوی، ابن سفیان، اور جمہور اہل ادا کا مسلک ہے۔ ابوالحسن بن غلبون فرماتے ہیں کہ دونوں وجوہ حسن (عمدہ) ہیں اور دانی فرماتے ہیں کہ دونوں صحیح ہیں۔ اور

کافی میں ضمہ کو احسن بتایا ہے۔ صاحب نشر فرماتے ہیں کہ ضمہ صحیح تر اور قیاس کے زیادہ موافق ہے۔ کیونکہ هُوْ کی ہا میں ضمہ ہی اصل ہے۔ اسی لیے حمزہؒ عَلَیْهُمْ، اِلَیْهُمْ، لَدَیْهُمْ میں بھی ہا کا ضمہ ہی پڑھتے ہیں۔

(۵) متوسطہ بنفسہٖ جس کے بعد یا ہو یا واو ہو یہ صرف تین کلمات میں آیا ہے۔ (۱) وَرِءْيًا (۲) تُؤْوِي (۳) رُءْيَايَ، رُءْيَاكَ، لِلرُّءْيَا اس میں قیاسی وجہ کے موافق صرف ابدال ہے۔ اور اس کے بعد بعض کے قول پر اظہار (رِيْيًا، تُوْوِي، رُوْيَا) اور بعض کی رائے پر ادغام (رِيًّا، تُوِّي، رُيَّا) ہے۔ دانی نے تیسیر میں اور ان کی اتباع میں شاطبیؒ نے مطلقاً دونوں وجوہ بیان کیں اور کسی کو راجح قرار نہیں دیا۔[1]

(۶) وہ متطرفہ ساکنہ جس کا سکون عارضی (یعنی وقف کے سبب) ہو یہ بھی قیاسی تخفیف کی بنا پر زبر کے بعد الف سے زیر کے بعد یا سے پیش کے بعد واو سے بدل جاتا ہے۔ اور یہ اکثر کا مذہب ہے۔ اور تفصیل یہ ہے (۱) زبر والے ہمزہ میں تو صرف ابدال ہے زبر کے بعد الف سے۔ جیسے بَدَا۔ زیر کے بعد یا سے جیسے قُرِي (۲) اور زبر کے بعد زیر اور پیش والا ہمزہ الف کی صورت میں ہو تو اس میں دو وجوہ ہیں۔ اکثر[2] کے مذہب پر الف سے ابدال جیسے لِلْمَلَا اور قَالَ

---

[1] اور عنایات رحمانی کی رو سے وَرِءْيًا اور تُؤْوِي اور تُؤْوِيهِ میں ادغام اور رُءْيَا میں اظہار قوی تر ہے (کیونکہ اول کے تین کلمات میں ادغام حمزہؒ سے منصوص ہے اور رُءْيَا میں اظہار قیاس سے زیادہ موافق ہے) ۱۲

الْمَلَا۔ بعض کے مذہب پر رَوم کے ساتھ تسہیل ۔ (۳) اگر زبر کے بعد زیر والا ہمزہ یا کی صورت میں لکھا ہوا ہو۔ جو مِنْ نَّبَاِیٔ (انعام ع) میں ہے ۔ تو اس میں چار وجوہ ہیں۔ (۱) الف سے ابدال (مِنْ نَّبَا ی) (۲) روم کے ساتھ ہمزہ کی تسہیل (۳) یائے ساکنہ سے ابدال (مِنْ نَّبَایْ) (۴) اس یا کے زیر میں روم۔

(۴) اگر زبر کے بعد پیش والا ہمزہ واو کی صورت میں ہو جیسے اَتَوَکَّؤُا

تو اس میں پانچ وجوہ ہیں ۔ الف سے ابدال (اَتَوَکَّا) ہمزہ کی تسہیل روم کے ساتھ۔ رسم کی بنا پر ہمزہ کا واو سے ابدال اور اس پر سکون کے ساتھ وقف (اَتَوَکَّوْ) اسی واو میں اشمام۔ واو کے پیش میں روم۔ اور اس قسم کے گیارہ کلمات آئے ہیں۔ (۱) یَبْدَؤُا ہر جگہ۔ (۲) تَفْتَؤُا (یوسف ع) (۳) یَتَفَیَّؤُا (نحل ع)۔ (۴) اَتَوَکَّؤُا (طٰہٰ ع)۔ (۵) لَا تَظْمَؤُا (طٰہٰ ع)۔ (۶) الْمَلَؤُا (مومنون ع، اور نمل ع میں ایک دو ع میں دو)۔ (۷) وَیَدْرَؤُا (نور ع)۔ (۸) یَعْبَؤُا (فرقان ع)۔ (۹) یُنَشَّؤُا (زخرف ع)۔ (۱۰) یُنَبَّؤُا (قیمہ ع)۔ (۱۱) نَبَؤُا (ابراہیم و ص ع و ع وتغابن ع)۔

(۵) زیر کے بعد زیر والے ہمزہ میں تین ہیں۔ (۱) جمہور کے مذہب پر یائے ساکنہ سے ابدال ۔ (مِنْ شَاطِیْ) اس صورت میں اس یا میں روم نہ ہوگا۔ (۲) ہمزہ میں روم کے ساتھ تسہیل ۔ (۳) اخفش کے مذہب پر یا کے زیر میں روم کیونکہ وہ اس کے قائل ہیں کہ ہمزہ کو زیر والی یا سے بدلا گیا ہے

پھر وہ یاؔ وقف کے سبب ساکن کی گئی ہے۔ پس چونکہ اصل کے لحاظ سے یاؔ پر حرکت تھی اس لیے روم جائز ہوگا۔

(۶) زیر کے بعد پیش والے میں چار ہیں۔ (۱) جمہور کے مذہب پر یائے ساکنہ سے ابدال (دَمَآ بَرِیٓ) اب اس میں روم و اشمام نہ ہوں گے (۲) روم کے ساتھ ہمزہ کی تسہیل۔ (۳ و ۴) اخفش کے مذہب پر اس یاؔ میں اشمام و روم کیونکہ وہ ہمزہ کو پیش والی یاؔ سے بدلنے کے بعد ساکن کرتے ہیں۔

(۷) پیش کے بعد زیر والے میں تین ہیں۔ (۱) واؔو ساکنہ سے ابدال دَلُؤ لُوٓ (۲) روم کے ساتھ ہمزہ کی تسہیل (۳) اخفش کے مذہب پر ہمزہ سے بدلے ہوئے واو میں روم۔

(۸) پیش کے بعد پیش والے میں چار ہیں (۱) ہمزہ کا واؔو سے ابدال (مِنْهُمَا اللُّؤلُؤ)۔ (۲) دوسرے ہمزہ کی تسہیل روم کے ساتھ۔ (۳ و ۴) اخفش کے مذہب پر، ہمزہ سے بدلے ہوئے واؔو میں اشمام و روم۔

تنبیہ:۔ ابدال کے بعد لَمْ یُنَبَّاْ، اِقْرَاْ، نَبِّئْ وغیرہ میں ہمزہ کے بجائے جو حرف علت آتا ہے اس کو جازم یا امر کے سکون کے سبب ساقط کرنا جائز نہیں۔

دوسری قسم | ہمزہ متحرکہ جس سے پہلا حرف ساکن ہو۔ اس کی بارہ شاخیں ہیں۔ (الف) ساکن صحیح متصل کے بعد چار ہیں۔

۱/۷ متطرفہ یہ ان پانچ کلمات میں آیا ہے (۱) الْخَبْءَ (نمل ع) (۲) الْمَرْءُ (بقرہ ع وانفال ع ونبا ع وعبس) (۳) مِلْءُ (آل عمران ع) (۴) جُزْءٌ (حجر ع) - (۵) دِفْءٌ (نحل ع) اس میں صرف نقل وحذف ہے جس سے ان کا تلفظ الْخَبْ، الْمَرْ، مِلْ، جُزْ، دِف رہ جائے گا۔ پھر الْخَبْ میں تو صرف سکون ہے اور الْمَرْءِ میں سکون و روم اور الْمَرْءُ اور باقی تین میں سکون واشمام و روم تین وجوہ ہوں گی۔

۲/۸ متوسطہ بے صورت اس میں بھی صرف نقل وحذف ہے جیسے یَجْـُٔرُوْنَ ۔ یَسْـَٔلُوْنَ وغیرہ۔

۳/۹ متوسطہ با صورت :۔ (۱) بصورت الف النَّشْاَةَ، شَطْاَہٗ اور یَسْاَلُوْنَ (صرف احزاب ع میں ہے) اس میں دو وجوہ ہیں۔ نقل کے بعد حذف النَّشَۃَ، شَطَہٗ، یَسَلُوْنَ۔ نقل کے بعد رسم کی بنا پر الف کا باقی رکھنا النَّشَاۃَ، شَطَاہٗ۔ یَسَالُوْنَ (۲) بصورت واو ھُزُوًا اور کُفُوًا میں ہے۔ اس میں بھی دو وجوہ ہیں۔ نقل کے بعد حذف ھُزَا، کُفَا۔ نقل کے بغیر رسم کی بنا پر واو سے ابدال (ھُزُوَا، کُفُوَا)۔

۴/۱۰ متوسطہ آلْ کے بعد جیسے الْاَرْض اس میں خلف کے لیے تو نقل (الَارْض) اور تحقیق کے ساتھ سکتہ دو وجوہ ہیں

اور خلادؒ کے لیے یہ تفصیل ہے کہ اگر وصلاً آلْ اور شَیۡءٌ میں سکتہ پڑھ رہے ہوں تو وقفًا وہی دونوں ہیں جو خلفؒ کے لیے ہیں۔ اور اگر عدم سکتہ پڑھ رہے ہوں تو پھر وقفًا آلْ میں صرف نقل ہے نہ کہ سکتہ وعدم سکتہ بھی؂

(ب) ہمزہ وہ ہمزہ جو ساکن منفصل صحیح یا لین کے بعد ہو نہ وہ جو کہ مدّہ کے بعد ہو جیسے عَذَابٌ اَلِيْمٌ۔ مِنْ اٰيٰتِنَا۔ خَلَوْا اِلٰى ابْنَيْ اٰدَمَ۔ اس میں تیسیر وشاطبی کے طرق سے خلفؒ کے لیے سکتہ وعدم سکتہ دونوں تحقیق کے ساتھ اور خلادؒ کے لیے صرف عدم سکتہ ہے تحقیق کے ساتھ۔

؂ نشر میں ہے کہ یہ تیسری وجہ (خلاد کے لیے عدم سکتہ) کسی کتاب اور کسی طریق سے بھی نہیں ہے۔ کیونکہ لام پر سکتہ نہ کرنے والوں کا وقفًا نقل پر اجماع ہے، اور میں نے بعض متاخرین کو دیکھا ہے کہ وہ شاطبی کی بعض شروح پر اعتماد کرتے ہوئے خلادؒ کے لیے اس وجہ کو اختیار کرتے ہیں حالانکہ یہ صحیح نہیں ہے۔

سوال نشر ہی کی دو عبارات سے معلوم ہوتا ہے کہ اس قسم میں خلاد کے لیے آلْ کا عدم سکتہ بھی صحیح ہے جو تبصرہ کے طریق سے ہے چنانچہ "باب السکت" میں فرماتے ہیں کہ "ایک جماعت نے خلاد کے لیے ہر حال میں عدم سکتہ اختیار کیا ہے اور یہ دانی کے شیخ ابو الفتح اور ابو محمد مکی کا مذہب ہے۔ اور" باب وقف حمزہ" میں متوسطہ بزائدہ کے بیان میں فرماتے ہیں کہ "بہت سے اہل ادا نے۔۔ (باقی بر ص۲۱)

اور دوسرے بعض طرق سے دونوں کے لیے نقل بھی ہے۔ پہلی وجوہ کی طرح یہ بھی صحیح ہے۔ اس اعتبار سے خلفؒ کے لیے تین اور خلادؒ کے لیے دو وجوہ ہوگئیں۔ مگر خلفؒ کے لیے یہ تینوں اس تفصیل سے پڑھی جاتی ہیں کہ اگر ساکن منفصل پر وصلاً سکتہ پڑھا ہو تو وقفاً اس ساکن میں عدم سکتہ کے سوا باقی دو ہوں گی۔ اور وصلاً عدم سکتہ پڑھا ہو تو وقفاً سکتہ کے سوا باقی دو ہوں گی۔ اور خلادؒ کے لیے چونکہ تیسیر و شاطبی کے

(بقیہ از صفحہ ۲) اس قسم میں ہمزہ کو مبتدئہ قرار دے کر عدم سکتہ اختیار کیا ہے اور یہ ابوالحسن بن غلبون اور ان کے والد ابوالطیب اور ابو محمد مکی کا مذہب ہے۔" پس اس وجہ کو ناجائز قرار دینا غیر صحیح ہے۔ **جواب** ان دو عبارات میں سے پہلی میں "ہر حال میں" لفظ مطلقاً کا ترجمہ ہے اور عبارت کے سیاق و سباق میں غور کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ مطلقاً سے محققؒ کی مراد وقف و وصل کا عموم نہیں بلکہ سواکن کے اقسام یعنی اَلْ، شَیْءٌ، ساکن منفصل غیر مدہ، ساکن متصل غیر مدہ، ساکن منفصل مدہ، ساکن متصل مدہ کا اطلاق مقصود ہے اور دوسری عبارت میں "عدم سکتہ" لفظ بالتحقیق کا مفہوم ہے حالانکہ دوسری صریح نصوص کی موجودگی میں یہاں "تحقیق" سے مراد فقط سکتہ ہے نہ کہ عدم سکتہ بالتحقیق بھی۔ پس محقق کا ہر کلام اپنے اپنے مقام پر بے غبار ہے۔ فافہم وتشکر۔ (ملخصاً من تحقیق اللطیف)

۱۲ محمد طاہر رحیمی

طرق سے وصلاً اس ساکن پر سکتہ نہیں ہے۔ اس لیے وقفاً بھی نہ ہوگا۔ اور اگر ساکن منفصل مدہ ہو جیسے فِیٓ اَنفُسِکُمۡ وغیرہ تو اس میں ہمارے طرق سے صرف مد اور تحقیق ہے۔

(ج) اگر ہمزہ واوٴ یائے اصلی مدہ یا لین کے بعد ہو تو اس کی دو صورتیں ہیں۔

۶/۱۲ متطرفہ جیسے سِیٓءَ، سُوٓءٌ، شَیۡءٌ، السَّوۡءِ۔

۷/۱۲ متوسطہ جیسے سِیٓـٴَتۡ، السُّوٓاٰی، شَیۡـًٔا۔ کَهَیۡـَٔةِ، سَوۡءَةَ ان دونوں قسموں میں دو وجوہ ہیں۔ (۱) جمہور کے قول پر نقل کے بعد ہمزہ کا حذف یعنی سِیَ، سُوۡ، شَیۡ، السَّوۡ، سِیَتۡ، السُّوَای، شَیَا، کَهَیَهۡ، سَوَةۡ اور (۲) بعض کے قول پر واوٴ یائے زائدہ کی طرح ان واوٴ یائے اصلیہ کے بعد بھی ابدال و ادغام یعنی سِیّٓ، سُوّٓ، شَیّ، السَّوّ، سِیَّتۡ، السُّوَّای، شَیَّا، کَهَیَّهۡ، سَوَّةۡ لیکن اَلۡمَوۡءٗدَةُ (تکویر) میں نقل قوی اور ادغام ضعیف ہے۔ اور مَوۡىِٕلًا (کہف ع) میں بھی نقل و ادغام دونوں ہیں۔ یعنی مَوِلًا اور مِوّلًا اور نشر کی رو سے رسم کی بنا پر یا سے ابدال ضعیف ہے۔ اور ان میں سے چھٹی قسم میں ہمزہ کی حرکت کے موافق اس واوٴ اور یا میں سکون و روم و اشمام بھی جائز ہیں۔ پس سِیٓءَ میں دو وجوہ ہیں یعنی سکون نقل کے ساتھ بھی اور ابدال

وادغام کے ساتھ بھی اور ثنتی ہیں چار ہیں یعنی سکون و روم نقل میں بھی اور ادغام میں بھی۔ اور ثنتی میں چھے ہوں گی۔ یعنی نقل وادغام دونوں میں سے ہر ایک کے ساتھ تین تین۔ سکون، روم، اشمام۔

(د) اگر ہمزہ الف کے بعد ہو تو اس کی تین صورتیں ہیں۔

۸/۱۴ متوسطہ بنفسہٖ جیسے جَآءَنَا، اٰبَآءَهُمْ وغیرہ۔ اس میں صرف تسہیل ہے مد وقصر کے ساتھ۔

۹/۱۵ وہ متوسطہ جو تنبیہ کی ہا اور ندا کی یا کے بعد ہو۔ جیسے هٰٓاَنْتُمْ یٰٓاٰدَمُ وغیرہ۔ اس میں تین وجوہ ہیں۔ (۱ و ۲) تسہیل مد وقصر کے ساتھ۔ (۳) تحقیق مد کے ساتھ۔

۱۰/۱۶ متطرفہ جو الف کے بعد ہو۔ اگر یہ بے صورت ہو اور زبر والا ہو جیسے شَآءَ تو اس میں تین ہیں۔ (۱ تا ۳) الف سے ابدال کے بعد طول، توسط، قصر۔ اور اگر یہی بے صورت زیر وپیش والا ہو جیسے مِنَ السَّمَآءِ، یَشَآءُ تو اس میں پانچ وجوہ ہیں۔ (۱ تا ۳) جمہور کے مذہب پر الف سے ابدال کے بعد طول، توسط، قصر۔ (۴ و ۵) بعض کے مذہب پر روم کے ساتھ تسہیل اور ہمزہ سے پہلے الف میں مد وقصر۔ اور اگر یہی کسرہ والا ہمزہ یا کی صورت میں ہو جیسے تِلْقَآئِ (یونس ع) وَاِیْتَآئِ (نحل ع) وَمِنْ اٰنَآئِ (طٰہٰ ع) اور

بِلِقَآئِ اور وَلِقَآئِ (روم ع ۲ ع ۷) اور وَمَآئِ (شوریٰ ع ۵) تو ان میں آخری ہمزہ کی تخفیف کے لحاظ سے نو وجوہ ہوں گی۔

(۱ تا ۳) الف سے ابدال کے بعد طول، توسط، قصر۔ (۴ و ۵) بعض کے مذہب پر روم کے ساتھ تسہیل۔ اور ہمزہ سے پہلے الف میں مد و قصر۔ (۶ تا ۸) رسم کی بناء پر ہمزہ کو یا سے بدل کر الف میں مد کی تینوں، اور یا میں سکون (اُنَاسِیّ) (۹) اس یا میں روم قصر کے ساتھ۔

اور چونکہ اس کلمہ کا پہلا ہمزہ ساکن صحیح منفصل کے بعد ہے جس میں خلفؒ کے لیے وقفاً تین وجوہ ہیں۔ (۱) نقل۔ (۲ و ۳) ساکن منفصل پر سکتہ اور عدم سکتہ پس ان تینوں میں سے ہر ایک کے ساتھ دوسرے کی نو نو پڑھی جائیں، تو کل ۲۷ وجوہ ہوجائیں گی۔ اور یہ سب صحیح ہیں۔ اور خلادؒ کے لیے چونکہ ساکن منفصل میں وقفاً صرف نقل و عدم سکتہ ہے اس لیے سکتہ والی نو وجوہ کم ہوکر اٹھارہ رہ جائیں گی۔ اور وَابْتِغَآئِ کے پہلے ہمزہ میں تحقیق و تسہیل اور دونوں میں سے ہر ایک کے ساتھ دوسرے کی نو نو ہیں یہ کل اٹھارہ ہوں گی اور سب صحیح ہیں۔

اور اگر[۲] الف کے بعد ضمہ والا ہمزہ واو کی صورت میں ہو تو اس میں بارہ وجوہ ہوں گی۔ پانچ قیاسی جمہور کے قول پر۔

(۱ تا ۳) الف سے ابدال کے بعد طول، توسط، قصر۔ (۴ و ۵) بعض کے قول پر تسہیل مد و قصر کے ساتھ۔ اور سات رسمی ہیں یعنی (۶ تا ۸) ہمزہ کا واو سے ابدال کرنے کے بعد طول، توسط، قصر سکون کے ساتھ (شُرَكٰٓؤُا)۔ (۹ تا ۱۱) اور یہی تینوں اشمام کے ساتھ۔ اور (۱۲) اس واو میں روم قصر کے ساتھ۔ اور اس قسم کے یہ کلمات آئے ہیں :- ۱ جَزٰٓؤُا (مائدہ ع۵ و شوریٰ ع۴ و حشر ع۲ میں بالاتفاق وطٰہٰ ع۳ و زمر ع۸ میں، بعض کے قول پر) ۲ اَنْبٰٓؤُا (انعام و شعراء ع۱) ۳ اَبْنٰٓؤُا (مائدہ ع۳) (اختلافی) ۴ شُرَكٰٓؤُا (انعام ع۱۱ و شوریٰ ع۳) ۵ مَا نَشٰٓؤُا (ہود ع۸) ۶ الضُّعَفٰٓؤُا (ابراہیم ع۴ و مومن ع۵) ۷ الْعُلَمٰٓؤُا (فاطر ع۴) اور عُلَمٰٓؤُا (شعراء ع۱۱) (اختلافی) ۸ شُفَعٰٓؤُا (روم ع۲) ۹ الْبَلٰٓؤُا (صٰفّٰت ع۳) اور بَلٰٓؤٌا (دخان ع۲) ۱۰ دُعٰٓؤُا (مومن ع۵) ۱۱ بُرَءٰٓؤُا (ممتحنہ ع۱) اس آخری میں دو ہمزہ ہیں۔ ان میں سے پہلے میں صرف تسہیل اور دوسرے میں شُرَكٰٓؤُا والی بارہ وجوہ ہیں۔

(۵) ہمزہ واو، یائے مدہ زائدہ کے بعد ہو تو اس کی دو صورتیں ہیں۔

ل چونکہ کہف والے کو حمزہ مفتوح پڑھتے ہیں اس لیے وہ ان سے خارج ہے اور اسی بناء پر اس کو یہاں مختلف فیہا میں شمار نہیں کیا ۱۲

۱۱/۱۷ متطرفہ دونوں کے بعد: اس قسم میں صرف ابدال اور ادغام ہے۔ اور اس کے صرف چار کلمات آتے ہیں۔ (۱) قُرُوْٓءٍ (بقرہ ع ۲۸) (۲) بَرِیٓءٌ (انعام ع وغیرہ) (۳) النَّسِیٓءُ (توبہ ع ۵) (۴) دُرِّیٓءٌ (حمزہ اس کو وصلاً دُرِّیٌّ پڑھتے ہیں) ان میں سے پہلے میں سکون و روم دو وجوہ ہیں۔ اور باقی تین میں سکون، اشمام، روم تین وجوہ ہیں۔

۱۲/۱۸ متوسطہ، صرف یائے زائدہ کے بعد: اس میں بھی فقط ابدال وادغام ہے۔ جیسے خَطِیٓئَتُہٗ، هَنِیٓئًا مَّرِیٓئًا وغیرہ۔

تیسری قسم

وہ ہمزہ جس پر خود بھی حرکت ہو اور اس سے پہلے حرف پر بھی حرکت ہو۔ اور اس کی نو شاخیں ہیں۔ یہ صرف متوسطہ ہوتا ہے۔ اوّلاً اس کی دو قسمیں ہیں۔

(۱) متوسطہ بنفسہٖ:۔ خود اس پر بھی تینوں حرکتیں آتی ہیں اور اس سے پہلے حرف پر بھی اس لیے اس کی نو قسمیں ہو جاتی ہیں۔

(۲) متوسطہ بزائدہ:۔ خود اس پر تو تینوں حرکتیں آتی ہیں، لیکن اس سے پہلے حرف پر فتحہ اور کسرہ ہی آتا ہے ضمہ نہیں آتا۔ پس اس کی چھ قسمیں ہیں۔ ان میں سے متوسطہ بنفسہٖ میں تو بلا خلاف تخفیف ہوتی ہے، اور متوسطہ بزائدہ میں تحقیق اور جو قاعدہ پایا جائے اس کی رو سے تخفیف دونوں وجوہ ہیں۔ اور

ان سب قسموں کی وجوہ کی تفصیل یہ ہے :۔

۱ تا ۳ / ۱۹ تا ۲۱ فتحہ کے بعد تینوں حرکتوں والا متوسط بنفسہٖ جیسے سَاَلْتُمْ، یَئِسَ، یَذْرَؤُکُمْ اور متوسط بزائدہ جیسے کَاَنَّهُنَّ، وَاِنَّهٗ، وَاُوْتِیْنَا وغیرہ۔ تینوں قسموں میں صرف تسہیل بین بین ہے۔ اور جن کلمات میں فتحہ کے بعد ضمہ والا ہو، اور اس کے بعد واو ساکنہ ہو ان میں تسہیل بھی ہے اور حذف بھی۔ اور حذف میں شکل یہ ہو گی وَ لَا یَطَوْنَ (توبہ ع ۱۵) تَطَوْهَا (احزاب ع ۳) تَطَوْهُمْ (فتحنا ع ۳) یَقْرَءُوْنَ (یونس ع ۱۰) وغیرہ۔

صاحبِ تجرید نے یَئُوْدُهٗ میں (بھی) صراحۃً ہمزہ کا حذف بیان کیا ہے۔ (صاحبِ نشر فرماتے ہیں) اور اس کا قیاس اس بات کا مقتضی ہے کہ یَئُوْسًا (وغیرہ) میں بھی حذف والی وجہ صحیح ہو اور یہ وجہ رسم کے بھی موافق ہے۔ پس رسم پر عمل کرنے والے حضرات کے نزدیک یہی راجح ہے۔ امام ہذلی فرماتے ہیں کہ یہ وجہ صحیح ہے۔ نشر ج اول، ص ۴۷۵۔

۴ / ۲۲ کسرہ کے بعد فتحہ والا اس میں فتحہ والی یا سے ابدال۔ متوسط بنفسہٖ جیسے سَیِّئَاتِکُمْ متوسط بزائدہ۔ جیسے بِاٰیٰتِنَا، سَمَآئِهِمْ،

ل لیکن صاحب اتحاف و غیث نے صرف پہلے تین کو ذکر کیا ہے اور حضرت استاذنا المحترم مدظلہٗ کے نزدیک بھی یہی راجح ہے۔ اس لیے اولیٰ یہ ہے کہ اس قاعدہ کو انہی تین کلمات کے ساتھ خاص رکھیں ۱۲

نَبِّئْهُمْ - اس میں تحقیق بھی ہے

۵/۲۴ کسرہ کے بعد کسرہ والا بنفسہٖ جیسے بَارِئِکُمْ اس میں تسہیل بین بین ہے۔ لیکن اگر اس کے بعد یائے ساکنہ ہو جیسے خٰطِئِیْنَ وغیرہ تو اس میں دو وجوہ ہیں۔ (۱) تسہیل، (۲) حذف۔ یعنی خٰطِیْنَ۔ بزائدہ جیسے بِاِحْسَانٍ وغیرہ۔ اس میں تحقیق و تسہیل دونوں ہیں[1]

۶/۲۴ کسرہ کے بعد ضمہ والا بنفسہٖ جیسے سَنُقْرِئُکَ وغیرہ اس میں دو وجوہ ہیں۔ (۱) جمہور کے مذہب پر تسہیل اور (۲) اخفش کے مذہب پر یا سے ابدال۔ (سَنُقْرِیُکَ وغیرہ)۔ لیکن اگر یہ (بنفسہٖ) بے صورت ہو اور اس کے بعد واو ہو جیسے مُسْتَهْزِءُوْنَ وغیرہ۔ تو اس میں تین وجوہ ہیں :- (۱) تسہیل۔ (۲) یا سے ابدال (مُسْتَهْزِیُوْنَ)۔ (۳) ہمزہ کا حذف اور اس سے پہلے حرف پر ضمہ (مُسْتَهْزُوْنَ) بزائدہ جیسے لِاُمِّهٖ ، لِاُخْرٰىهُمْ اس میں تین وجوہ ہیں (۱) تحقیق۔ (۲) تسہیل۔ (۳) یا سے ابدال۔ لیکن دانی، رحمۃ اللہ علیہ کی تحقیق پر کسرہ کے بعد ضمہ والے میں یا سے ابدال اس کلمہ میں جائز ہے جس میں ہمزہ یا کی شکل

---

[1] اگر متوسط بزائدہ کے بعد یا ہو تو اس میں حذف صحیح نہیں جیسے بِاِیْمَانٍ ۱۲

میں ہو۔

۷/۲۵ ضمہ کے بعد فتحہ والا اس میں فتحہ والی واو سے ابدال ہے۔ جیسے یُؤَیِّدُ وغیرہ

۸/۲۶ ضمہ کے بعد کسرہ والا ہو جیسے سُئِلُوْا اس میں دو وجوہ ہیں۔ (۱) جمہور کے مذہب پر تسہیل (۲) اخفش کے مذہب پر کسرہ والے واو سے ابدال۔ (سُوِلُوْا)

۹/۲۷ ضمہ کے بعد ضمہ والا۔ جیسے بِرُءُوْسِکُمْ اس میں صرف تسہیل ہے۔ لیکن بے صورت میں دو ہیں۔ (۱) تسہیل (۲) رسم کی بنار پر حذف یعنی بِرُءُسِکُمْ ان تین قسموں میں بزائدہ نہیں آتا۔

فائدہ:۔ چونکہ امام حمزہؒ متوسطہ اور متطرفہ دونوں میں تخفیف کرتے ہیں، اس لیے اگر کسی کلمہ میں دو یا تین ہمزہ جمع ہو رہے ہوں تو ان میں سے ہر ایک میں جو قاعدہ پایا جائے اس کے موافق تخفیف کی جائے یہ نہ ہو کہ صرف ایک میں تخفیف کی جائے اور باقیوں میں نہ کی جائے۔ اس کی چند مثالیں لکھی جاتی ہیں:۔

۱ وَلُؤْلُؤًا (حج ع ۳ و فاطر ع ۴) اس میں دو ہمزہ ہیں۔ پہلے کا فقط واو سے ابدال ہے اور دوسرے میں تین وجوہ ہیں۔ (۱) واو سے ابدال اور اس میں سکون (وَلُولُو)۔ (۲) دوسرے واو میں روم۔ (۳) روم کے ساتھ ہمزہ کی تسہیل۔ ۲ لُؤْلُؤًا (دہر ع) اس میں صرف ایک وجہ ہے۔ یعنی پہلے ہمزہ کا واو ساکنہ سے اور دوسرے کا زبر

والے واو سے ابدال (لُؤلُؤًا) ۳؎ اللُّؤْلُؤُ (رحمٰن ع) اس میں پہلے میں صرف واو سے ابدال۔ اور دوسرے میں چار وجوہ ہیں۔ (۱) واو سے ابدال اور اس میں سکون (۲) اس واو میں اشمام۔ (۳) اس واو میں روم (۴) روم کے ساتھ ہمزہ کی تسہیل۔ ۴؎ وَ اَبْنَآؤُنَا اس میں پہلا ہمزہ متوسطہ بزائدہ اور دوسرا بنفسہ ہے۔ پس پہلے میں تحقیق و تسہیل دونوں ہیں، اور دوسرے میں صرف تسہیل ہے مد و قصر کے ساتھ۔ پس کل چار وجوہ ہوگئیں۔ یعنی پہلے کی تحقیق و تسہیل دونوں پر دوسرے میں دو دو۔ ۵؎ وَاَحِبَّآؤُهُ۔ اس میں بھی پہلا بزائدہ اور دوسرا بنفسہ ہے۔ پس اول کی تحقیق و تسہیل دونوں پر دوسرے میں صرف تسہیل ہے مد و قصر کے ساتھ۔ یہ چار ہوگئیں اور چاروں ہا کے سکون کے ساتھ ہیں۔ یہ تو سب کے نزدیک جائز ہیں۔ اور جو حضرات ضمہ کے بعد ضمیر کی ہا میں اشمام و روم جائز بتاتے ہیں، ان کی رائے پر ان چاروں کو اشمام و روم دونوں وجوہ میں ضرب دینے سے آٹھ اور ہوجاتی ہیں۔ پس اس میں صحیح وجوہ کل بارہ ہیں۔ ۶؎ قُلْ اَؤُنَبِّئُكُمْ (آل عمران ع) اس میں تین ہمزہ ہیں۔ پہلے ہمزہ میں خلفؒ کے لیے وقفاً تین وجوہ ہیں۔ (۱) نقل قُلَ (۲) قُلْ کے لام پر سکتہ اور ہمزہ کی تحقیق۔ (۳) عدم سکتہ اور تحقیق، اور دوسرے میں دو ہیں۔ تحقیق، تسہیل۔ تیسرے میں بھی دو ہیں۔ واو کے مانند

تسہیل، ضمہ والی یا سے ابدال۔ اور تینوں ہمزوں کی وجوہ ملاکر اس مثال میں صحیح وجوہ کل دس ہیں۔ (۱ و ۲) پہلے کی نقل پر دوسرے میں فقط تسہیل، اور تیسرے میں دونوں وجوہ ہیں۔ (۳ تا ۶) لام پر سکتہ کی صورت میں دوسرے کی مذکورہ بالا دونوں، اور ان میں سے ہر ایک پر تیسرے کی دو دو۔ (۷ تا ۱۰) لام پر عدم سکتہ اور اس پر بھی یہی چار۔ اور خلادؒ کے لیے چونکہ ساکن منفصل پر صرف عدم سکتہ ہے اس لیے سکتہ والی چار کم ہوکر ان کے لیے چھ وجوہ رہ جائیں گی۔ ان کے علاوہ باقی وجوہ جیسا کہ جعبری وغیرہ نے ستائیس تک بیان کر دی ہیں، سب غیر صحیح ہیں۔ اور قُلْ اَؤُنَبِّئُكُمْ (حج ع) میں بھی صحیح وجوہ دس ہیں، اور تفصیل وہی ہے جو ابھی گزری۔ ؏

ھٰٓؤُلَآءِ اس میں پہلا متوسط بزائدہ ہے اس میں تین وجوہ ہیں (۱) مد و تحقیق (۲) مد و تسہیل (۳) قصر و تسہیل۔ اور دوسرا متطرفہ ہے۔ اس میں پانچ وجوہ ہیں۔ (۱ تا ۳) الف سے ابدال کے بعد طول، توسط، قصر۔ (۴ و ۵) تسہیل مع الروم مد و قصر کے ساتھ ان میں سے مد اور پہلے کی تحقیق پر تو دوسرے میں پانچوں صحیح ہیں۔ اور پہلے کے مد و تسہیل پر دوسرے میں قصر مع الروم نہ ہوگا۔ باقی چار ہوں گی۔ اور اسی طرح قصر اور پہلے کی تسہیل پر دوسرے میں مد و تسہیل مع الروم درست نہیں۔ باقی چار ہونگی۔

اس لیے اس میں صحیح وجوہ کل تیرہ[۱۳] ہیں۔

۸ الْاَسْمَآءُ اس میں پہلا ہمزہ اَلْ کے بعد متوسطہ بزائدہ ہے۔ جس میں خلفؒ کے لیے وقفاً (۱) نقل (۲) سکتہ و تحقیق ہے اور دوسرا متطرفہ ہے جو الف کے بعد ہے اس میں پانچ وجوہ ہیں پس ضرب دینے سے کل وجوہ دس[۱۰] ہوں گی اور دسوں صحیح ہیں۔ اور خلادؒ کے لیے یہ تفصیل ہے کہ اگر وصلاً اَلْ کے بعد والے ہمزہ میں سکتہ کرتے آرہے ہیں، تو یہاں پہلے ہمزہ میں سکتہ و نقل، ورنہ صرف نقل ہوگی۔ پس خلادؒ کے لیے مجموعی وجوہ کل دس[۱۰] ہیں جو اَلْ کی دو نقل و سکتہ کو ثانی کی پانچ میں ضرب دینے سے نکلتی ہیں لیکن پڑھنے میں دس یا پانچ ہی آئیں گی۔

۹ قُلْ ءَ اَنْتُمْ اس میں خلفؒ کے لیے پانچ وجوہ صحیح ہیں۔ (۱) لام پر سکتہ اور دونوں کی تحقیق۔ (۲) لام پر سکتہ اور اول کی تحقیق اور دوسرے کی تسہیل۔ (۳) عدم سکتہ، اور اول کی تحقیق اور دوسرے کی تسہیل۔ (۴) عدم سکتہ اور دونوں کی تحقیق۔ (۵) نقل اور ثانی میں صرف تسہیل۔ (رہی ثانی کی تحقیق سو وہ نقل کے ساتھ درست نہیں۔ نشر ص۴۷۹)۔ اور خلادؒ کے لیے چونکہ حرز سے صرف عدم سکتہ ہے۔ اس بناء پر ان کے لیے پانچ میں سے صرف آخری تین صحیح ہیں۔

اظہار وادغام صغیر

(۱) اِذْ کی ذال کا خلف تا اور دال میں اور خلاد تذ زسص کے پانچ حرفوں میں ادغام کرتے ہیں جیسے اِذْ تَبَرَّأ ، اِذْ دَخَلُوْا ، وَاِذْ زَیَّنَ ، اِذْ سَمِعْتُمُوْہُ ، وَاِذْ صَرَفْنَا

(۲) قَدْ کی دال کا جذ زس شص ضظ کے آٹھ حرفوں میں ادغام ہوتا ہے۔ مثالیں وہی ہیں جو ابوعمرو کی قراءۃ میں درج ہیں۔

(۳) تانیث کی تائے ساکنہ کا ثج زس صظ کے چھے حرفوں میں ادغام ہوتا ہے۔ مثالیں قراءۃ ابوعمرو میں دیکھیں۔

(۴) هَلْ اور بَلْ کے لام کا صرف تاثا سین میں ادغام ہوتا ہے اور بَلْ طَبَعَ (نساء ع ۲۲) میں دونوں راویوں سے دونوں وجوہ ہیں اور اظہار مشہور تر ہے۔ (نشر)

(۵) بَا ، ساکنہ کا فا میں پانچوں جگہ خلاد کے لیے ادغام ہے جیسے یَغْلِبْ فَسَوْفَ ، تَعْجَبْ فَعَجَبٌ وغیرہ لیکن وَمَنْ لَّمْ یَتُبْ فَاُولٰٓئِکَ حجرات میں اظہار بھی ہے۔ اور دونوں وجوہ صحیح ہیں۔

(۶) ذال ساکن کا فتحہ والی یا ضمہ والی تا میں ، اور ثا ساکنہ کا ذال و تا میں ادغام کرتے ہیں جیسے لَتَخَذْتَ ، اَخَذْتُ ، اَخَذْتُمْ ، عُذْتُ ، فَنَبَذْتُهَا ، اور جیسے

يَلْهَثْ ذٰلِكَ (اعراف ع۲۲) اور لَبِثْتَّ اور اُوْرِثْتُمُوْهَا۔

(۷) ذال ساکنہ کا ثا اور ذال میں ادغام کرتے ہیں جیسے يُرِدْ ثَوَابَ، كٓهٰيٰعٓصٓ ۝ ذِكْرُ (وصلًا)۔

(۸) نون ساکن و تنوین کے بعد واو یا یا آئے، تو خلفؒ ادغام بلاغنہ کرتے ہیں۔ جیسے مَنْ يَّقُوْلُ، مِنْ وَّالٍ، فِئَةٍ يَّنْصُرُوْنَهٗ، اُذُنٌ وَّاعِيَةٌ وغیرہ۔

فتح و امالہ

فتح و امالہ کی تعریف تو آپ نے ورش کی روایت والے رسالہ میں معلوم کرلی ہوگی۔ یہاں مختصر طور پر صرف احکام بیان کیے جاتے ہیں۔

قاعدہ:۔ جن اسموں اور فعلوں کا آخری الف یا کی شکل میں لکھا ہوا ہو عام ہے کہ وہ یا سے بدلا ہوا ہو خواہ نہ ہو جیسے الْمَوْتٰى، طَغْوٰى، الْاَيَامٰى، اَفْتَرٰى، الْقُرٰى، الثَّرٰى، وَتَوَلّٰى، يَسْعٰى، يُتْلٰى، وَالضُّحٰى، ضُحٰهَا، مَتٰى، عَسٰى، بَلٰى، اَنّٰى۔ ان تمام الفات میں امالہ محضہ کرتے ہیں۔ لیکن التَّوْرٰىةِ میں ہر جگہ تقلیل کرتے ہیں۔

تنبیہات:۔ (۱) جن کلمات کا آخری الف یا کی شکل میں ہونا چاہیے تھا لیکن تماثل یا کسی اور وجہ کی بناء پر یا کی شکل میں نہ ہو جیسے الدُّنْيَا، الْعُلْيَا، وَاَحْيَا، الْحَوَايَا، طَغَا الْمَآءُ، اَقْصَا، الْاَقْصَا، كِلْتَاهُمَا وغیرہ۔ ان میں

لازمی طور پر امالہ ہے۔ (۲) الرّٰبٰی امیں وقف و وصل دونوں حالتوں میں اور مِنْ رِّبًا (روم ع) میں صرف وقفاً امالہ کرتے ہیں۔ (۳) تَرَآءَ شعرآء میں وقفاً تو چار حرفوں (رَا اور اس کے بعد والے الف اور ہمزہ اور اس کے بعد والے الف) کا امالہ ہوتا ہے۔ لیکن وصلاً صرف رَآ اور اس کے بعد والے الف ہی میں امالہ ہوتا ہے۔ (۴) وَنَا میں دونوں جگہ خلفؒ کے لیے نون اور ہمزہ اور خلادؒ کے لیے صرف ہمزہ کا اور (۵) رَاٰ، رَاٰھَا، رَاٰہُ۔ وغیرہ میں بھی جب کہ ہمزہ کے بعد والا الف پڑھنے میں آتا ہو دونوں روایتوں سے رَا اور ہمزہ دونوں کا امالہ ہوتا ہے۔ اور (۶) رَاَ الْقَمَرَ جیسی مثالیں جن میں ساکن منفصل کی بناء پر ہمزہ کے بعد والا الف نہیں پڑھا جاتا ہے۔ ان میں چھوں جگہ وصلاً صرف رَا کا اور وقفاً رَا اور ہمزہ دونوں کا امالہ کرتے ہیں۔ (۷) جو الف دو راؤں کے درمیان ہو اور ان میں سے دوسری رَا کلمہ کے آخر میں ہو اور اس پر کسرہ ہو جیسے الْاَبْرَارِ، الْاَشْرَارِ، الْقَرَارِ، اور قَہَّارٍ تو الف میں تقلیل کرتے ہیں۔ (۸) اور اگر کلمہ کے آخر میں کسرہ والی رَا تو ہو لیکن اس سے پہلا الف رَا کے سوا کسی اور حرف کے

بعد ہو اور مقصد یہ ہے کہ یہ الف دُو راؤں کے درمیان نہ ہو جیسے اَلْکُفَّارِ، اَلْفُجَّارِ، اَلْاَبْصَارِ تو اس قسم میں سے صرف اَلْبَوَارِ اور رآ کے کسرہ والے اَلْقَهَّارِ میں تقلیل کرتے ہیں۔

(۹) ذیل کے دس فعلوں میں جب کہ وہ ثلاثی مجرد سے ماضی کے صیغے ہوں عام ہے کہ ان کے ساتھ فاعل کی ضمیر ہو یا نہ ہو ہر جگہ امالہ کرتے ہیں اور وہ یہ ہیں:-
(۱) جَآءَ، جَآءُوْ، جَآءَتْ میں ہر جگہ[۲۳۹] (۲) شَآءَ[۵۷]
(۳) زَادَ[۱۵]، زَادُوْا، زَادَتْ۔ (۴) رَانَ۔ (۵) خَافَ[۵]، خَافُوْا، خَافَتْ (اور وَخَافُوْنِ۔ آل عمران عٓ میں امالہ نہیں ہے۔ کیونکہ وہ امر کا صیغہ ہے)۔ (۶) طَابَ[۱] (۷) خَابَ[۳] (۸) حَاقَ[۹]
(۹) ضَاقَ ضَاقَتْ (۱۰) زَاغَ کے مادہ میں سے صرف مَا زَاغَ (نجم عٓ) اور زَاغُوْا (صف عٓ) میں امالہ ہے۔ پس زَاغَتْ (احزاب عٓ و صٓ عٓ) نکل گیا۔ پس ان میں فتح ہے۔

(۱۰) ضِعَافًا (نساء عٓ) میں عین کے فتحہ کا اور اٰتِیْكَ (نمل عٓ) کے دونوں موقعوں میں، ہمزہ کے فتحہ کا صرف خلفؒ امالہ کرتے ہیں اور خلادؒ کے لیے تینوں موقعوں میں فتح و

لہ دو جگہ آیا ہے۔ ابراہیم عٓ و مؤمن عٓ ۱۲

امالہ دونوں ہیں۔ لیکن یہ خلاف مرتب ہے جس میں ترتیب کا لحاظ رکھنا ضروری ہے یعنی ضِعَافًا کے فتح کے ساتھ اٰتِیْكَ میں دونوں وجوہ پڑھ سکتے ہیں۔ اور اس کے امالہ کے ساتھ اٰتِیْكَ میں صرف امالہ ہوگا، ورنہ طرق میں غلط ہو جائے گا۔

(۱۱) مندرجۂ ذیل کلمات ہیں باوجودیکہ ان کا الف یا سے بدلا ہوا ہے اور بعض میں یا کی شکل میں لکھا ہوا بھی ہے لیکن پھر بھی امالہ نہیں کرتے۔

(۱) اَحْیَا، فَاَحْیٰكُمْ، فَاَحْیَا بِهِ، اَحْیَاهَا، سب جگہ سوائے وَاَحْیَا (نجم ع) کے (۲) خَطٰیٰكُمْ، خَطٰیٰنَا، خَطٰیٰهُمْ۔ (۳) الرُّءْیَا، لِلرُّءْیَا (۴) رُءْیَایَ، رُءْیَاكَ۔ (۵) مَرْضَاتِ اللهِ، مَرْضَاتَ، مَرْضَاتِیْ۔ (۶) حَقَّ تُقٰتِهٖ۔ (۷) وَقَدْ هَدٰىنِ (انعام ع) (۸) وَمَنْ عَصَانِیْ (ابراہیم ع) (۹) وَمَآ اَنْسٰنِیْهُ (کہف ع) (۱۰) اٰتٰنِیَ الْكِتٰبَ (۱۱) وَاَوْصٰنِیْ (دونوں مریم ع)۔ (۱۲) فَمَآ اٰتٰنِ اللهُ۔ (۱۳) مَحْیَاهُمْ (۱۴) دَحٰهَا۔ (۱۵)

ل‍ه یہ تفصیل اَحْیَا ہی میں ہے۔ اس کے علاوہ یُحْیٖی اسمی ہو، خواہ فعلی اور مَحْیَا سب میں امالہ ہے ۱۲

تَدٰنِهَا۔ (۱۶) طَحٰهَا (۱۷) تَجَلّٰی (۱۸ و ۱۹) هُدَایَ دونوں جگہ (بقرہ ع و طٰہٰ ع) (۲۰) مَثْوَایَ یوسف ع ۔ (۲۱) وَمَحْیَایَ (انعام ع)

(۱۲) كِلْتَا کا الف کوفیین کی رائے پر چونکہ تثنیہ کا ہے اس لیے اس میں بھی فتح ہی راجح ہے۔

(۱۳) حَتّٰی ، اِلٰی ، عَلٰی ، لَدٰی ، مَازَکٰی میں امالہ نہیں بلکہ فتح ہے

یاآت اضافت

فتحہ، کسرہ، ضمہ والے ہمزۂ قطعی، اور ہمزۂ وصلی مع لام، اور ہمزۂ وصلی بغیر لام...... اور ہمزۂ کے سوا دوسرے حروف سے پہلے غرض چھوں قسموں میں صرف سکون ہے اور چوتھی اور پانچویں قسم (لِعِبَادِیَ الَّذِیْنَ ، لِنَفْسِیْ اذْهَبْ وغیرہ) میں وصلاً سکون و حذف ہے۔ لیکن صرف وَمَحْیَایَ (انعام ع) میں وصلاً یا کا فتحہ اور وقفاً سکون ہے۔

ذیل میں ہر قسم کے وہ سب کلمات بتائے جاتے ہیں جن میں حفصؒ کے خلاف سکون پڑھتے ہیں۔ تاکہ طلباء کو تلاش کی تکلیف نہ اٹھانی پڑے۔ (۱) مَعِیَ اَبَدًا، (۲) وَمَنْ مَّعِیَ اَوْ (۳) اِنْ اَجْرِیَ اِلَّا ہر نو جگہ (۴) یَدِیَ اِلَیْكَ (۵) وَاُمِّیَ اِلٰهَیْنِ (۶) رَبِّیَ الَّذِیْ یُحْیٖ (۷) رَبِّیَ الْفَوَاحِشَ (۸) عَنْ اٰیٰتِیَ الَّذِیْنَ (۹) اٰتٰنِیَ

الْكِتٰبَ (۱۰) مَسَّنِيَ الضُّرُّ (۱۱) مَسَّنِيَ الشَّيْطٰنُ
(۱۲) اَرَادَنِيَ اللّٰهُ (۱۳) اَهْلَكَنِيَ اللّٰهُ (۱۴) قُلْ
لِّعِبَادِيَ الَّذِيْنَ (۱۵) عِبَادِيَ الصّٰلِحُوْنَ (۱۶)
عِبَادِيَ الشَّكُوْرُ (۱۷) يٰعِبَادِيَ الَّذِيْنَ (دونوں جگہ)
(۱۸) فَبَشِّرْ عِبَادِ الَّذِيْنَ) (۱۹) اٰتٰىنِ اللّٰهُ (اور
عَهْدِي الظّٰلِمِيْنَ میں حفص بھی سکون پڑھتے ہیں)
(۲۰) بَيْتِيَ (تینوں جگہ) (۲۱) وَجْهِيَ (دونوں) (۲۲)
مَعِيَ سب نو ۹ جگہ (۲۳) لِيَ ابراہیم، طٰہٰ، نمل، یٰسٓ
اور صٓ میں دو جگہ اور کُفرون میں۔

یاآتِ زوائد

(۱) وَتَقَبَّلْ دُعَآءِ کو صرف وصلاً اور (۲) اَتُمِدُّوْنَنِ بِمَالٍ کو
دونوں حالتوں میں ثابت رکھتے ہیں۔

فروشِ مکرّرہ

الف (۱) فَلِاُمِّهِ اور فِيْٓ اُمِّهَا اور فِيْٓ اُمِّ کو
فَلِاِمِّهِ اور فِيْٓ اِمِّهَا اور فِيْٓ اِمِّ پڑھتے ہیں۔ اور
فِيْٓ اِمِّهَا اور فِيْٓ اِمِّ ان دو موقعوں میں اگر اُمِّ سے

اعادہ کریں یا ابتدا کریں تو پھر حفصؒ کی طرح اُمِّ ہی پڑھتے ہیں۔ اور بُيُوتِ أُمَّهَٰتِكُمْ اور بُطُونِ أُمَّهَٰتِكُمْ میں وصلاً إِمِّهَٰتِكُمْ اور ابتدا یا اعادہ کے وقت أُمَّهَٰتِكُمْ پڑھتے ہیں۔

(۲) أَمِنتُمْ (اعراف وطٰہٰ و شعراء) کو ءَ أَمِنتُمْ اور (۳) أُفٍّ کو أُفِّ اور (۴) أُسْوَةٌ کو إِسْوَةٌ پڑھتے ہیں۔

ب (۱) الْبُيُوتَ بُيُوتَ وغیرہ کو الْبِيُوتَ، بِيُوت اور (۲) جُيُوبِهِنَّ کو جِيُوبِهِنَّ اور (۳) شُيُوخًا کو شِيُوخًا اور (۴) عُيُونٍ، الْعُيُونِ اور عُيُونًا کو عِيُونٍ اور الْعِيُونِ، عِيُونًا اور (۵) الْغُيُوبِ کو الْغِيُوبِ اور (۶) بِالْبُخْلِ کو بِالْبَخَلِ اور (۷) بُشْرًا کو نَشْرًا۔ اور (۸) بِهَٰدِي الْعُمْيِ (نمل وروم) کو تَهْدِي الْعُمْيَ پڑھتے ہیں۔

ج (۱) تُرْجَعُ الْأُمُورُ کو تَرْجِعُ الْأُمُورُ اور (۲) تَمَسُّوهُنَّ کو تُمَاسُّوهُنَّ اور (۳) تَأْتِيَهُمُ الْمَلَٰئِكَةُ کو يَأْتِيَهُمُ الْمَلَٰئِكَةُ اور (۴) تُخْرَجُونَ (اعراف ع و روم ع و زخرف ع) ۔ اور لَا يُخْرَجُونَ (جاثیہ ع) کو تَخْرُجُونَ اور لَا يَخْرُجُونَ اور (۵) تَتَوَفَّاهُمُ (نحل) کو يَتَوَفَّاهُمُ اور (۶) تَلْقَفُ کو تَلَقَّفُ اور (۷)

تَطَوَّعَ کو یَطَّوَّعَ پڑھتے ہیں۔

د۔ ثَمَرِہٖ انعام ع و ع ویٰس ع اور ثَمَرٌ اور بِثَمَرِہٖ کہف ع کو ثُمُرِہٖ اور ثُمُرٌ اور بِثُمُرِہٖ پڑھتے ہیں۔

ہ۔ وَجِبْرِیْلَ، لِجِبْرِیْلَ کو وَجَبْرَءِیْلَ اور لِجَبْرَءِیْلَ پڑھتے ہیں۔

و۔ (۱) خُطُوٰتِ کو خُطْوٰتِ اور (۲) خَرْجًا (کہف و مؤمنون) کو خَرَاجًا اور (۳) خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ (ابراہیم) اور خَلَقَ کُلَّ (نور) کو خٰلِقُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ اور خٰلِقُ کُلِّ پڑھتے ہیں۔

ز۔ (۱) لَرَءُوْفٌ اور رَءُوْفٌ کو لَرَؤُفٌ اور رَؤُفٌ اور (۲) الرِّیٰحُ بقرۃ ع و اعراف ع و حجر ع و کہف ع و نمل و روم ع و فاطر ع و جاثیہ ع کو الرِّیْحُ اور (۳) بِرَبْوَۃٍ اور رَبْوَۃٍ کو بِرُبْوَۃٍ اور رُبْوَۃٍ اور (۴) رِجْزٍ اَلِیْمٌ کو رِجْزٌ اَلِیْمٌ پڑھتے ہیں۔

ح:۔ زَبُوْرًا اور الزَّبُوْرِ کو زُبُوْرًا اور الزُّبُوْرِ پڑھتے ہیں۔

ط:۔ (۱) سٰحِرٍ اعراف ع و یونس ع کو سَحَّارٍ اور

سلے دوسرا مراد ہے ۱۲

(۲) قَالَ سَلٰمٌ ہود ع و ذریت ع کو سِلْمٌ اور (۳) سِخْرِیًّا کو سُخْرِیًّا پڑھتے ہیں۔

ی :- (۱) فَرَّقُوْا کو فٰرَقُوْا اور (۲) فَیُضٰعِفَهٗ کو فَیُضْعِفُهٗ اور (۳) فَتَبَیَّنُوْا کو فَتَثَبَّتُوْا پڑھتے ہیں۔

ک :- قَرْحٌ اور اَلْقَرْحُ کو قُرْحٌ اور اَلْقُرْحُ پڑھتے ہیں۔

ل :- (۱) مِنْ کُلِّ زَوْجَیْنِ کو مِنْ کُلٍّ اور (۲) کِسَفًا (اسرا و شعراء و سبا) کو کِسْفًا اور (۳) کَرْهًا (نساء و توبہ) کو کُرْهًا اور (۴) کَبٰٓئِرَ الْاِثْمِ کو کَبِیْرَ الْاِثْمِ پڑھتے ہیں۔

م :- (۱) لٰمَسْتُمُ کو لَمَسْتُمُ اور (۲) وَالْیَسَعَ کو وَاللَّیْسَعَ اور (۳) لِاَهْلِهِ امْکُثُوْا کو لِاَهْلِهُ امْکُثُوْا اور (۴) لَمُنَجُّوْهُمْ (حجر) اور لَنُنَجِّیَنَّهٗ اور مُنَجُّوْكَ (عنکبوت) کو لَمُنْجُوْهُمْ اور لَنُنْجِیَنَّهٗ اور مُنْجُوْكَ اور (۵) لِیَذَّکَّرُوْا (اسراء و فرقان) اور اَنْ یَذَّکَّرَ (فرقان) کو لِیَذْکُرُوْا اور اَنْ یَذْکُرَ پڑھتے ہیں اور لَا یَذْکُرُ (مریم) کو لَا یَذَّکَّرُ پڑھتے ہیں۔

ن :- (۱) مَنْ تَکُوْنُ لَهٗ کو مَنْ یَّکُوْنُ اور (۲)

مَنْسَكًا کو مَنْسِكًا اور (۳) لِمَهْلِكِهِمْ اور مَهْلِكَ کو لِمُهْلَكِهِمْ اور مُهْلَكَ پڑھتے ہیں۔

س :۔ (۱) نِعِمَّا اور فَنِعِمَّا کو نَعِمَّا اور فَنَعِمَّا اور (۲) نُوْحِيْٓ اِلَيْهِمْ کو يُوْحٰىٓ اِلَيْهِمْ پڑھتے ہیں۔

ع :۔ (۱) وَلَآ اَصْغَرَ اور وَلَآ اَكْبَرَ (یونس) کو وَلَآ اَصْغَرُ اور وَلَآ اَكْبَرُ اور (۲) وَّلَايَتِهِمْ (انفال) اور الْوَلَايَةُ (کہف) کو وِلَايَتِهِمْ اور الْوِلَايَةُ اور (۳) وَلَدًا مریم ع و ع۔ اور وَلَدٌ زخرف اور وَوَلَدُهٗ نوح کو وُلْدًا، وُلْدٌ، وَوُلْدُهٗ اور (۴) وَ لٰكِنَّ بقرہ ع و انفال ع و یونس ع کو وَ لٰكِنِ پڑھتے ہیں اور اس کے بعد والے کلمات الشَّيٰطِيْنَ اور اللّٰهَ اور النَّاسَ میں نون، ہٓ اور سین کا پیش پڑھتے ہیں۔

ف :۔ هُزُوًا کو وصلاً هُزُوًا اور وقفاً هُزُوا یا هُزُوَا پڑھتے ہیں۔ اور كُفُوًا کا بھی یہی حکم ہے۔

ص :۔ (۱) يُنَزِّلُ الْغَيْثَ کو يُنْزِلُ الْغَيْثَ اور مُنَزِّلُهَا (مائدہ) اور مُنَزَّلٌ (انعام) کو مُنْزِلُهَا اور مُنْزَلٌ اور (۲) يُبَشِّرُكِ (آل عمران) اور يُبَشِّرُهُمْ (توبہ) اور نُبَشِّرُكَ (حجر و مریم) اور لِتُبَشِّرَ (مریم) اور

وَيُبَشِّرُ (اسرا و کہف) يُبَشِّرُ (شوریٰ) سب کو يَبْشُرُكِ ، يَبْشُرُهُمْ، نَبْشُرُكَ، لِتَبْشُرَ اور وَيَبْشُرُ اور يَبْشُرُ اور (۳) يَمِيْزَ (آل عمران) اور لِيَمِيْزَ (انفال) کو يُمَيِّزَ اور لِيُمَيِّزَ اور (۴) يُغْشِي الَّيْلَ کو يُغَشِّي الَّيْلَ اور (۵) يُبْنَيَّ کو يٰبُنَيَّ اور (۶) يَاْجُوْجَ وَ مَاْجُوْجَ کو يَاجُوْجَ وَ مَاجُوْجَ اور (۷) يُلْحِدُوْنَ کو يَلْحَدُوْنَ اور (۸) يُنْزِفُوْنَ کو دونوں جگہ يُنْزَفُوْنَ اور (۹) يُشْرِكُوْنَ یونس ع و نحل ع میں دو و روم ع کو تُشْرِكُوْنَ اور (۱۰) يُؤَدِّهٖ ، نُؤْتِهٖ ، نُوَلِّهٖ ، وَنُصْلِهٖ کو وصلاً يُؤَدِّهْ ، نُؤْتِهْ ، نُوَلِّهْ ، وَ نُصْلِهْ اور (۱۱) وَيَتَّقْهِ کو خلفؔ وَ يَتَّقِهٖ اور خلادؔ وَيَتَّقِهْ پڑھتے ہیں۔

ہدایات

(۱) اس کے بعد تمام قرآن مجید کے اختلافی کلمات سورتوں کی ترتیب سے درج کیے جائیں گے ، جو تین طرح آئیں گے :۔
۱ وہ کلمات جن کے نیچے خلفؔ و خلادؔ میں سے کسی کا نام بھی

ل اور حرز میں وَيَتَّقِهٖ بھی ہے۔ لیکن طریق کے خلاف ہے ۱۲

نہ ہو، اُن کو دونوں کے لیے ایک ہی طرح سمجھیں۔ نمبر۲ وہ جن کے نیچے خلفؒ کا نام ہو، اُن کو صرف خلفؒ کے لیے سمجھیں۔ نمبر۳ وہ جن میں خلادؒ کا نام ہو اُن کو صرف خلادؒ کے لیے تصور کریں۔ پس اگر خلفؒ کی روایت پڑھنا چاہیں، تو پہلی دو قسموں کے کلمات کو پڑھیں اور تیسری قسم کے کلمات کو بالکل نہ پڑھیں۔ اور اگر خلادؒ کی روایت پڑھیں تو صرف پہلی اور تیسری قسم کے الفاظ تلاوت کریں، دوسری قسم کے کلمات کو نہ پڑھیں۔ فافہم وتدبر۔

(۲) سؔ، سکتہ کی علامت ہے۔

(۳) جن موقعوں میں نون ساکن پر جزم نہ ہو، یا کسی حرف پر دو زبروں، زیروں، پیشوں کی بجائے ایک زبر، ایک زیر اور ایک پیش لکھا ہو اور ان کے بعد تشدید والا واؔو یا ایسی ہی یاؔ ہو (جیسے مَن يَّقُولُ، مِن وَّالٍ، قَرِيبًا يَّوْمَ، اَنْكَالًا وَّجَحِيمًا، يَوْمَئِذٍ يَّصْدُرُ، يَوْمَئِذٍ وَّاجِفَةٌ، عَذَابٌ يُّخْزِيهِ، زَجْرَةٌ وَّاحِدَةٌ) ان سب میں نون ساکن اور تنوین کا یاؔ اور واؔو میں خلفؒ کے لیے ادغام کامل بلاغنہ کریں۔

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

سورۃ الفاتحۃ | (۱) مٰلِكِ (۲) الصِّرَاطَ (اور خلاد کے لیے خالص صاد بھی) (۳) صِرَاطَ الَّذِيۡنَ (۴ و ۵) عَلَيۡهِمۡ (دونوں) (۶) وَلَا الضَّآلِّيۡنَ ○ صرف وصل۔

پارہ الٓمّٓ

سورۃ البقرۃ | سے (۱) وَبِالۡاٰخِرَةِ (اور خلادؔ کے لیے عدم سکتہ بھی ہے۔ آگے ہم ہر جگہ اَلۡ پر "س" لکھتے چلے جائیں گے

لہ وَإِيَّاكَ پر وقف کرنے کی صورت میں ہمزہ کی تحقیق اور یا کی طرح تسہیل دو وجوہ ہیں ۱۲

لہ اگر خلادؔ کے لیے اشمام پڑھیں تو آگے چل کر اَلۡ اور شَيۡءٍ میں عدم سکتہ پڑھیں گے۔ اور اگر یہاں خالص صاد پڑھیں تو پھر اَلۡ اور شَيۡءٍ میں سکتہ پڑھیں گے۔ ورنہ طرق میں خلط ہو جائے گا۔ (ارشاد المرید) ۱۲

سے يُؤۡمِنُوۡنَ (وقفًا) یاد رکھو کہ ہمزہ ساکنہ کو ہر جگہ وقفًا پہلے حرف کی حرکت کے مطابق الف، واو، یا سے بدلتے ہیں اور وصلًا حفصؔ کی طرح تحقیق سے پڑھتے ہیں ۱۲ سے بر صفحہ ۴۷

اور خلادؒ کی دوسری وجہ چونکہ حفصؒ کے مطابق ہی ہے، اس لیے اس کو ذکر نہ کریں گے۔ یاد رکھیں) لہ (۲ تا ۴) عَلَيْهِمْ ءَأَنْذَرْتَهُمْ (خلف) (خلف) أَمْ۔ (۵) لَا يُؤْمِنُونَ (وقفاً) (۶) غِشَاوَةٌ وَلَهُمْ (وصلاً خلف) (۷) عَظِيمٌ ۃ ع (وصلاً)

(حاشیہ از صـ۴۶) ۲لہ وصلاً خلفؒ کے لیے صرف سکتہ اور خلادؒ کے لیے سکتہ و عدم سکتہ دونوں وجوہ ہیں۔ اور وقفاً خلفؒ کے لیے نقل، اور تحقیق کے ساتھ سکتہ دونوں وجوہ ہیں۔ اور خلادؒ کے لیے یہ تفصیل ہے کہ اگر وصلاً سکتہ پڑھ رہے ہوں تو وقفاً نقل و سکتہ ورنہ صرف نقل ہو گی ۱۲

لہ أُولَٰئِكَ میں وقفاً دوسرے ہمزہ کی تسہیل اور اس سے پہلے الف میں مد و قصر دونوں وجوہ ہوں گی۔ اور وَأُولَٰئِكَ میں وقفاً پہلے ہمزہ میں تحقیق اور واو کی طرح تسہیل اور دوسرے ہمزہ میں یا کی طرح تسہیل اور اس سے پہلے الف میں دو وجوہ ہیں۔ پس کل وجوہ چار ہو گئیں۔

سَوَاءٌ میں وقفاً ہمزہ کا الف سے ابدال، اور اس سے پہلے الف میں طول، توسط، قصر یا ہمزہ کی واو کی طرح تسہیل اور اس سے پہلے الف میں مد و قصر کل پانچ وجوہ ہیں یعنی سَوَا یا سَوَاءْ بالروم ۱۲

۲لہ میم جمع پر وصلاً خلفؒ کے لیے سکتہ و عدم سکتہ اور خلادؒ کے لیے (باقی بر صـ۴۸)

وَمِنَ (۱) مَن یَّقُوۡلُ (۲) وَبِالۡیَوۡمِ الۡاٰخِرِ (۳) بِمُؤۡمِنِیۡنَ
(وقفاً) (۴ تا ۶) فَزَادَهُمُ اللّٰهُ مَرَضًا وَّلَهُمۡ عَذَابٌ
اَلِیۡمٌ۔ (۷) فِی الۡاَرۡضِ (۸) لَهُمۡ اٰمِنُوۡا (۹) السُّفَهَآءُ یا
السُّفَهَاءۡ (وقفاً) (بالروم) (۱۰) خَلَوۡا اِلٰی (۱۱) مَعَکُمۡ اِنَّمَا
(۱۲) مُسۡتَهۡزِءُوۡنَ یا مُسۡتَهۡزِیُوۡنَ یا مُسۡتَهۡزُوۡنَ

(بقیہ حاشیہ از صفحہ ۴۷) صرف عدم سکتہ ہے اور یہی حکم وقف میں ہے۔ یاد رکھیں ہم ہر جگہ صرف خلفؒ کا سکتہ لکھیں گے۔ ءَاَنۡذَرۡتَهُمۡ میں وقفاً پہلے ہمزہ میں صرف تحقیق اور دوسرے میں تحقیق و تسہیل دونوں وجوہ ہیں اور جمع کی میم کی دونوں کو ملانے سے خلفؒ کے لیے چار وجوہ ہوں گی ۱۲

سلہ ہمزہ سے پہلے ساکن منفصل ہیں وصلاً خلفؒ کے لیے عدم سکتہ بھی جائز ہے۔ پس اگر وصلاً سکتہ پڑھیں تو وقفاً ایسے ہی ساکن میں سکتہ و نقل دو وجوہ ہیں اور اگر وصلاً عدم سکتہ پڑھیں تو وقفاً نقل و عدم سکتہ ہوگا اور خلادؒ کے لیے چونکہ ساکن منفصل پر سکتہ نہیں ہے اس لیے وقفاً بھی نہ ہوگا، اور باقی دو وجوہ ہیں۔ مگر نقل دونوں کے لیے شاطبی کے طرق کے خلاف ہے گو صحیح ہے ۱۲

تینوں وجوہ سے وقفاً) لہ (۱۳) بِالْهُدٰى ۲ (۱۴ تا ۱۶) ظُلُمٰتٌ
